یورپین یونین الیکشن مشاہداتی مشن

(اسلامی جمہوریہ پاکستان)

عام انتخابات 2013ء

پریس ریلیز: EU EOM/2013/06

تاریخ: 13/05/2013

فوری اشاعت

دہشتگردی اور طریقہ کار میں خامیوں کے باوجود

انتخابات میں مسابقاتی رجحان اور بہتر انتخابی عمل

ملک کے مختلف حصوں میں انتہائی درجہ کی دہشتگردی اور عسکری حملے مجموعی طور پر انتخابی عمل پر اثر انداز ہوئے اس کے باوجود سیاسی جماعتوں کے امیدواروں اور ووٹروں کی جانب سے جمہوری عمل پر مضبوط عزم کا اظہار کیا گیا۔غیر ریاستی گروہوں کی پرتشدد کارروائیوں نے انتخابی میدان کو غیر ہموار کیا اور متعلقہ علاقوں میں الیکشن کے عمل کو بری طرح متاثر کیا۔

یورپی یونین الیکشن مشاہداتی مشن کے سربراہ مائیکل گاہلر نے کہا کہ "الیکشن کے دن نے پاکستانی عوام کا دہشتگردی گردی اور عسکریت پسندوں کے خلاف جمہوری حکومت کے حق میں اپنے عہد کا اظہار کر دیا۔ہم نے ایک مسابقاتی عمل دیکھا جس میں 2008ء کے مقابلے میں دوگنا امیدواروں نے حصہ لیا۔اگرچہ الیکشن کے بہت سے طریقہ کار میں بہتری آئی ہے تاہم پھر بھی کچھ خامیاں ہیں۔یہ ضروری ہے کہ الیکشن کے فریم ورک کو مزید بہتر کیا جائے تاکہ جمہوریت مضبوط ہو۔

الیکشن سے متعلقہ 62 سیکیورٹی کے واقعات رپورٹ ہوئے جس کے نتیجے میں 64 ہلاکتیں ہوئیں۔ان سٹیشنز پر جہاں یورپی یونین الیکشن آبزرور مشاہدہ کر سکتے تھے پولنگ کو عام طور پر اطمینان بخش اور اچھا درجہ دیا گیا تاہم 9 فیصد کو جہاں کا مشاہدہ کیا گیا کو خراب یا غیر مناسب درجہ دیا گیا۔الیکشن کمیشن آف پاکستان کا دیر سے کیا جانے والا فیصلہ کہ ووٹنگ کو ایک گھنٹہ آگے کر دیا جائے تاکہ ووٹرز کو مزید موقع ملے نے الجھن پیدا کر دی اور اس کا اعلان الیکشن کمیشن کی ویب سائٹ پر نہیں ہوا۔یورپی یونین الیکشن مشاہدہ کاروں کی جانب سے ووٹوں کی گنتی کے عمل کا تخمینہ منفی رہا۔

قلیل مدت مشاہدین کی حیثیت سے یورپین پارلیمنٹ کے ممبران (MEPs) کے تین افراد کا وفد یورپی یونین الیکشن مشاہدہ کاروں میں شامل ہوا جس کی سربراہی ممبر آف یورپین پارلیمنٹ رچرڈ ہاوٹ نے کی۔

"الیکشن مہم میں تشدد اور الیکشن کا دن ہولناک تھا تاہم یہ الیکشن کے عمل میں کامیابی کو ہرگز ماند نہیں کر سکا۔ووٹرز ٹرن آؤٹ بذات خود جمہوریت پر غیر معمولی اعتماد کا ووٹ ہے جس نے جمہوری عمل کو خطرات کا دفاع کیا۔جمہوری عمل کے استحکام کے لئے یہ الیکشن بڑھتا ہوا قدم ہے اور ہم منتخب عوامی نمائندوں کو تنبیہ کرتے ہیں کہ عوام سے تبدیلی کے لئے کئے گئے وعدوں کو پورا کریں تاکہ ان کے لئے اچھی حکومت اور ریاست میں اچھی طرز حکمرانی ہو۔" رچرڈ ہاوٹ

یورپی یونین الیکشن مشاہدہ کار پانچ جون تک ملک میں رہیں گے تاکہ نتائج کی گنتی اور انتخابی تنازعات کے نظام کا مشاہدہ کریں۔یورپی یونین الیکشن آبزرور مشن دو ماہ میں ایک حتمی رپورٹ شائع کرے گا جس میں تفصیلی سفارشات ہوں گی۔

ایڈیٹرز کے لئے نوٹ:

یورپی یونین آبزرور مشن یورپین یونین کے اداروں اور ممبر ریاستوں سے خودمختار ہے۔

یورپی یونین آبزرور مشن بین الاقوامی الیکشن مشاہداتی اصولوں کے اعلامیہ کے مطابق کام کرتا ہے جس کی توثیق اقوام متحدہ کی سرپرستی میں 2005ء میں ہوئی۔

مزید معلومات کے لئے:

پریس آفیسر: پیٹر بیسٹین ہالبرگ

+92 0303 777 6412

ڈپٹی پریس آفیسر: ایوان ایبرلے

+92 0303 777 6411

یورپی یونین الیکشن آبزرویشن مشن پاکستان

سرینا ہوٹل، اسلام آباد

ٹیلی فون: +92(0)51-2600146-49 فیکس: +92(0)51-2600150

پریس آفیسر: پیٹر بیسٹین ہالبرگ +92(0)3037776412

peter-bastian.halberg@eueompakistan.eu

www.eueom.eu/pakistan2013

EU EOM Pakistan 2013 Facebook & Twitter